SET-3

**Series : TYM**

کوڈ نمبر
Code No. **48/3**

**Roll No.** رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- جانچ لیجئے کہ اس سوال کے پرچے میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد 6 + 1 نقشہ ہے۔
- طالب علم کو پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر جوابی کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا ہے۔
- جانچ لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 26 ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے پرچہ کے مطابق سوال کا سلسلہ نمبر جوابی کاپی میں لکھئے۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اِس وقت کے دوران طلباء پرچہ کے سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **6** printed pages + **1** Map.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **26** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سوشیل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

(Urdu Version)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کُل نمبر : 80
*Maximum marks : 80*

**عام ہدایات :**

*(i)* اِس پرچہ میں کُل 26 سوال ہیں۔ سبھی لازمی ہیں۔

*(ii)* ہر ایک سوال کے سامنے اس کے نمبر دیئے گئے ہیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

*(iii)* سوال نمبر **1** سے **7** تک بہت چھوٹے جواب والے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال **1** نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر ایک سوال کا جواب **30** لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

*(iv)* سوال نمبر **8** سے **18** تک **3** نمبر والے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال کا جواب **80** لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

*(v)* سوال نمبر **19** سے **25** تک **5** نمبر والے سوال ہیں۔ ان میں سے ہر ایک سوال کا جواب **100** لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

*(vi)* سوال نمبر **26** نقشے کا سوال ہے، اس کے دو حصے ہیں **26(A)** اور **26(B)**۔ **26(A)** کے **2** نمبر ہیں جو ہسٹری سے ہی اور **26(B)** کے **3** نمبر ہیں جو جغرافیہ سے ہے۔ انھیں پورا کرنے کے بعد نقشوں کو اپنی جوابی کاپی کے اندر لگا دیجئے۔

*(vii)* سوال کے پرچے میں مجموعی طور پر انتخاب کرنے کا عمل (Choice) نہیں ہیں۔ پھر بھی کچھ سوالوں میں داخلی متبادل (Internal Choice) ہیں۔ ایسے سبھی سوالوں میں سے آپ کو ہر ایک میں سے **ایک ہی سوال** کا جواب لکھنا ہے۔

1. آمدنی کے علاوہ ترقی کے کوئی دو مقاصد بیان کیجیے۔ **½ + ½ = 1**

2. ''چیلنج کوئی مسئلہ نہیں ہے بلکہ ترقی کا موقع ہے۔'' اس قول کا تجزیہ کیجیے۔ **1**

3. قرض کے غیر رسمی حلقے کی کوئی دو مثالیں دیجئے۔ **½ + ½ = 1**

4. جب ہم قدرتی وسائل کا استعمال کر کے چیزوں کی پیداوار کرتے ہیں، تو اس طرح کی سرگرمیاں کس معاشی شعبے میں آتی ہیں ؟ **1**

5. رومن کیتھولک چرچ نے پبلشرز اور کتابیں بیچنے والوں پر پابندیاں کیوں لگائیں ؟ **1**

**یا**

ناول مقامی زبان (ورنا کیولر) کا استعمال کیوں کرتے ہیں ؟

6. ابتدا کی بنیاد پر وسائل کی درجہ بندی کیجیے۔ **1**

www.careerindia.com

CAREERINDIA

7. 1885 میں یورپ کے طاقتور ملکوں کی برلن میں بیٹھک کیوں ہوئی ؟ 1

یا

سترھویں اور اٹھارویں صدیوں میں یورپی شہروں کے سوداگر گاؤں کی طرف رخ کیوں کرنے لگے تھے ؟

یا

1887 میں لیور پول (Liver pool) جہاز کے مالک چارلس بوتھ (Charles Booth) ایسٹ اینڈ (مشرقی کنارے) میں لندن کے Low skilled مزدوروں کا پہلا سماجی سروے کیوں کیا ؟

8. 1992 میں ہندوستان کے آئین میں کی گئی ترمیموں کی کوئی تین شرطیں بیان کیجیے۔ 3 × 1 = 3

9. ترقی کی قائم پذیری کا مدعا ترقی کے لیے کس طرح اہم ہے ؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔ 3 × 1 = 3

10. 1890 کی دہائی میں افریقہ میں تیز رفتاری سے پھیلنے والی پلیگ کی وبا (رائنڈر پسٹ یا مویشیوں کا پلیگ) کے لوگوں کے روزگار اور مقامی اقتصادیات پر پڑنے والے اثرات کو بیان کیجیے۔ 3 × 1 = 3

یا

انیسویں صدی میں ہندوستان کے سوتی کپڑا بنکروں کے کوئی تین اہم مسائل بیان کیجیے۔

یا

انیسویں صدی کے دوران لندن کو صاف ستھرا کرنے کے لیے اٹھائے گئے کوئی تین اقدامات بیان کیجیے۔

11. منظّم شعبے اور غیر منظّم شعبے کی خدمت کی شرطوں میں فرق واضح کیجیے۔ 3 × 1 = 3

12. ''طباعت کے انقلاب' نے معلومات اور علم سے لوگوں کی زندگی بدل دی۔'' اس قول کا تجزیہ کیجیے۔ 3 × 1 = 3

یا

جین آسٹن کے ناول Pride and Prejudice اور چارلٹ براؤنٹ (Charlotte Bronte) کے ناول Jane Eyre دونوں ناولوں کی تھیم (Themes) میں فرق بتایئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

13. ہندوستان میں انڈسٹریز کی بڑھتی ہوئی تعداد کی وجہ سے موجودہ تازہ پانی کے وسائل پر دباؤ کس طرح بڑھ رہا ہے؟ وضاحت کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

14. ''نقل وحمل کا ایک گھنا اور کارگر جال (ٹرانسپورٹ کا نیٹ ورک) مقامی اور قومی ترقی کے لیے اولین شرط ہے۔'' اس قول کا جائزہ لیجیے۔ **3 × 1 = 3**

15. سماجی تقسیموں کے سیاسی نتائج کا تعین کرنے والے تین عناصر بیان کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

16. ملک کی ترقی کے لیے سستا اور قابل استطاعت قرض نہایت اہمیت کا حامل کیوں ہے؟ کوئی تین اسباب بیان کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

17. بازار میں استحصال سے بچنے کے لیے صارفین میں بیداری کیسے پھیلائی جا سکتی ہے؟ کوئی تین طریقے بیان کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

18. ''سیکولرزم کچھ لوگوں یا پارٹیوں کا محض خیال نہیں بلکہ یہ نظریہ ہمارے ملک کی ایک مستحکم بنیاد فراہم کرتا ہے۔'' اس قول کی جانچ کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

19. غیر ملکی تجارت کس طرح مختلف ممالک کے بازاروں کا ارتباط (Integration) کر رہی ہے؟ مثالوں کے ساتھ لکھیے۔ **5 × 1 = 5**

**یا**

ہم اپنی روزمرہ کی زندگی میں عالم کاری (گلوبلائیزیشن) کے اثرات کس طرح محسوس کرتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

20. ''1980 سے 1990 کی دہائی میں ہندوستان کی حکومت نے زراعت کے سدھار کے لیے بہت سے اداراتی اور تکنیکی سدھاروں کی شروعات کی۔'' اس قول کی مثالوں کے ساتھ تائید کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

**یا**

ہندوستان میں کم جگہ پر زرودار گزارے لائق کاشتکاری (کھیتی) (Intensive Subsistance Farming) اور کاروباری کھیتی (Commercial Farming) کا موازنہ کیجیے۔

21. جمہوریت میں سیاسی پارٹیوں کے کوئی پانچ خاص کام بیان کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

22. ''جمہوریت فرد کی آزادی اور وقار کو فروغ دینے میں کسی بھی دوسری طرز حکومت کے مقابلے زیادہ اعلیٰ مقام رکھتی ہے۔'' اس قول کو ثابت کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

**یا**

''جمہوریت شہریوں کے مابین پرامن اور ہم آہنگ زندگی کی رہنمائی کرتی ہے۔'' اس قول کو ثابت کیجیے۔

23. عدم تعاون تحریک کس طرح شہری اوسط طبقے کی شرکت کے ساتھ شہروں میں شروع ہوئی ؟ معاشی مورچے پر اس کے اثرات بیان کیجیے۔ **2 + 3 = 5**

**یا**

کانگریس پارٹی میں عورتوں کو کسی بھی اہم عہدے پر جگہ دینے سے کیوں ہچکچاتی رہی ؟ عورتوں نے سِول نافرمانی تحریک میں کس طرح حصہ لیا ؟ بیان کیجیے۔

24. کسی ملک کی اقتصادی قوت کا اندازہ پیداواری صنعت کی ترقی کے ذریعے کیوں لگایا جاتا ہے ؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

25. یورپ میں 1871 کے بعد بلقان علاقے کو دھماکہ خیز بنانے والی حالتوں کو بیان کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

**یا**

ویتنام میں نوآبادیات (Colonial) کے خلاف احساسات کے بڑھنے میں مختلف مذہبی گروپوں کے رول کو بیان کیجیے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

26. (A) دو خصوصیات A اور B ہندوستان کے نقشے کے سیاسی خاکے پر دکھائی گئی ہیں۔ ان خصوصیات کو درج ذیل معلومات کی مدد سے پہچانیے اور ان کے صحیح نام ان کے نزدیک کھینچی گئی لائینوں پر لکھیے : 2 × 1 = 2

(a) وہ جگہ جہاں انڈین نیشنل کانگریس کا سیشن ہوا تھا۔

(b) وہ جگہ جہاں گاندھی جی نے سوتی مِل کے مزدوروں کی حمایت میں ستیہ گرہ کیا۔

(B) اسی دیے گئے ہندوستان کے نقشے کے سیاسی خاکے پر درج ذیل کو مناسب علامتوں سے دکھایئے اور ان کے نام لکھیے : 3 × 1 = 3

(i) راجا سانسی – بین الاقوامی ہوائی اڈا

(ii) بھدراوتی – لوہا اور اسپات پلانٹ

(iii) مغربی بنگال کا سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک

**نوٹ : درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 26 کے بدلے :** 5 × 1 = 5

(i) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں راجا سانسی بین الاقوامی ہوائی اڈا واقع ہے۔

(ii) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں نیل کی کھیتی کرنے والے کسانوں نے ستیہ گرہ کیا تھا۔

(iii) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں گاندھی جی نے نمک قانون توڑا تھا۔

(iv) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں سلیم لوہے اور اسپات پلانٹ واقع ہے۔


(v) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں نرورا نیوکلیائی پلانٹ واقع ہے۔

www.careerindia.com

Map for Q. No. 26

سوال نمبر 26 کے لئے نقشہ

**Outline Map of India (Political)**




Cut Here ----- یہاں سے کاٹیں ----- Cut Here ----- یہاں سے کاٹیں

CAREERINDIA

www.careerindia.com